# 10507 ـ کیا میت کو صدقہ کا ثواب پہنچنے کے لیے میت کا مال ہونا شرط ہے؟

**سوال**

اگر کوئی شخص اپنے مال میں سے میت کے لیے صدقہ کرے نہ کہ متوفی کے مال سے تو کیا متوفی کو اس کا اجروثواب پہنچتا ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

اس میں کوئی حرج نہیں، اور جب یہ مال کسی مشروع اور جائز کام میں صرف کیا جائے تو اس کا اجروثواب اسے پہنچتا ہے جس کی اس نے نیت کی ہو، مثلا صدقہ، صلہ رحمی، اور جہاد، اور مسلمانوں کے لیے کوئی بھی نفع اور فائدہ مند عمل، مثلا کوئی شخص اپنے آباء واجداد کی جانب سے صدقہ کرے، چاہے انہوں نے وراثت میں مال نہ بھی چھوڑا ہو، یا پھر اپنے فوت شدہ دوست کی جانب سے صدقہ کرے تو وہ بھی اسے نفع دے گا.